عملی خلاصہ

حکومت سندھ نے بچوں کو در پیش نشوونما اورغذائیت کی کمی کی روک تھام کے لئے ملٹی سیکٹر اور ملٹی ایئر پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ جس کے تحت محکمہ لوکل گورنمنٹ کو یہ کام سونپا کیا گیا ہے کہ وہ دیہی علاقوں میں صفائی میں بہتری کی سہولیات کی بہتری کے لئے اپنا کردار ادا کرے۔ ابتدائی طور پر سندھ کے دیہی اضلاع میں آئندہ پانچ سالہ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔
اے اے پی میں واش اجزاء کا مقصد یہ ہے کہ:

1) کھلے میدانوں میں رفع حاجت میں کمی کرنا
2) اور سندھ کے دہی علاقوں میں ہاتھ دھونے کے ذریعے حفظان صحت کے فروغ میں بہتری لانا ہیں۔

اس پروگرام کے تحط اس بات کو یقینی بنایا جائیگا کہ دیہی کمیونٹی صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت پہ عمل پیرا ہو اور کھلے میں پخانے سے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔ کمیونٹی کی شراکت اور دلچسپی کے لئے مقامی لوگوں کے رہنمائی میں مکمل صفائی (Community Led Total Sanitation) کے طریقے کار پر عمل کیا جائے گا۔ جس نقطہ نظر میں شراکت کی سہولت کے ایک عمل کے ذریعے کمیونٹی کے ممبران اپنی صفائی ستھرائی کی حیثیت کا تجزیہ کرتے ہیں، جس میں کھلے میں پا خانے کرنے والوں کے منفی اثرات شامل ہے۔ لوگوں کہ حفظان صحت کی اہمیت پہ قائل کرنے کے بعد نہ صرف کمیونٹی اپنی حیثیت کے مطابق گھریلو سطح پہ لیٹرین تعمیر کرتی ہے بلکہ اس کو اپناتے ہوئے باقاعدگی سے اس کا استعمال بھی کرتی ہے۔ اس مکمل عمل میں نہ صرف لیٹرین کا استعمال بلکہ ضروری اوقات میں صابن سے ہاتھ دھونا بھی شامل ہے۔ اس پروگرام کا مقصد بنیادی طور پر معاشرتی اور رویہ میں تبدیلی کے ذریعے شعور پیدا کرنا ہے۔
ہینڈز کے زیر اہتمام اس کے تفریض کردہ اضلاع میں کھلے میں پاخانہ سے پاک معاشرہ (ODF) کو 600 گاؤں ہدف دیا گیا ہے کہ مطابق ضلع سکھر میں (ESMP) پلان تیار کیا گیا ہے، جس کے تحت ضلع کوآرڈینیشن کمیٹی کے ذریعہ اس بات کو یقینی بنایا جائیگا کہ 600 انتخاب کنندہ گاؤں میں ضلع کی 70 فیصد آبادی کا شمار کیا جائے، جس کی کارکردگی کے اہم اشارے کو گاؤوں کی نقشہ سازی، گاؤوں کی تعداد، اور کھلے میں پاخانہ کی نشاندہی اور اور کھلے میں پاخانہ سے پاک گوٹھوں اور ، اور اسہال کے مریضوں میں کمی لانے کے ساتھ ساتھ ہاتھ دھونے کے طریقوں میں بہتری لانا ہے۔
انوارنمنٹ اینڈ سوشل مینیجمنٹ فریم ورک (ESMF) میں موجودہ ہدایات کی رہنمائی سے ضلع سکھر کے لئے انوارنمنٹ اینڈ سوشل مینجمنٹ پلان (ESMP) تیار کیا گیا ہے۔
200 اسکولوں میں لیٹرین اور ہاتھ دھونے کی سہولیات کی تعمیر وبحالی ممکنہ ماحولیاتی اور معاشرتی اثرات اور خطرات کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اس رپورٹ میں تخفیف کرنے کے ضروری اقدامات کا تعین بھی کیا گیا ہے اور ماحولیاتی اور سماجی نظم ونسق کے منصوبے کے دوران اثرات سے نمٹنے اور تخفیف کے اقدامات بھی ضروری انتظامات اور عمل درآمد ہونے کو یقینی بنانے کے منصوبوں کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے۔اس ESMP کے اس منصوبے کو سول ورک پروجیکٹ کے معاہدے والے دستاویز کا حصہ بنایا جائے گا۔

شراکت داران کی مشاورت :
دستاویز ت کی تیاری کے دوران تمام   شراکت داران سے معنی خیز مشاورت کی گئی ہیں جس میں بیت الخلا کی تعمیر اور ہاتھ دھونے کی سہولیات اور مقامی برادری کے ممبران کو منصوبہ بندی کے عمل میں شر ینک کرتے ہوئے، مختلف سوالات پوچھے گئے   اور   ان   کے   خدشات کے جوابات اور   ردعمل حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا گیا تھا. شراکت داران نے جو اہم خدشات اٹھائے ہیں وہ یہ ہیں کہ : خواتین اساتذہ کی غیر موجودگی ، اسکول کے نامناسب فرنیچر ، اسکول کی حدود کی دیواروں کی عدم فراہمی. طلباء اور اسکول کے عملے کے لئے مناسب نکاسی کے ساتھ لیٹرین اور اسکول کی عمارت کی تفریق و آرائش جیسی سہولیات کو بہتر بنانا ہے. پروجیکٹ کے عمل کے مراحل کے دوران مقامی برادری اور دیگر   شراکت دران کے ساتھ مشاورت کو جاری رکھی جائیں گی اور ان کے تاثرات اور تجاویز کو بھی مدنظر رکھا جائے گا.

ممکنہ ماحولیاتی اور معاشرتی اثرات :
ماحولیات اور معاشرتی اثرات کی تشخیص اس کے تجزیہ کے کے ساتھ شروع ہوئی جن میں اہم امکان اثرات کی نشاندہی کے بعد ESMP میں زیادہ تفصیلی تجویز کیا گیا ہے. تعمیراتی سرگرمیوں کے دوران اسکولوں میں لیٹرین اور ہاتھ دھونے کی سہولت کے ماحولیاتی اور معاشرتی اثرات ماحول پر عارضی طور پر پڑتے ہیں. چونکہ اسکولوں کے احاطے میں لیٹرین کی تعمیر یا بحالی کی جائے گی جس میں آبادکاری یا زمین کے حصول کے اثرات مرتب نہیں ہونگے. لہذٰا پروجیکٹ کے تحت دوبارہ آبادکاری کا کوئی منصوبہ تیار کرانے کی ضرورت نہیں ہے.
بیت الخلاء کی تعمیر سے وابستہ اثرات میں ہوائی آلودگی شور، مٹی، تعمیراتی سامان کی نگہداشت، ٹھوس فضلہ کی پیداوار اور اسکول کے بچوں کی صحت اور حفاظت کے دیگر خدشات شامل ہیں. ESMP کی تیاری کے لئے درکار Data اسکول کے پانی، صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت کی تشخص کے فارم اسکول اور گردونواح کے ماحولیات اور سماجی سروے تفتیشی فارم برائے ماحولیاتی تفتیش، NGO's کے دوبارہ آبادکاری کی تفتیشی فارم اور شرکت داران کی مشاورت کے ذریعے جمع کیا گیا تھا. تعمیراتی سرگرمیوں کے نتیجے میں متوقع عارضی اثرات کا انحصار پہلوؤں کی شدت اور تعداد پر ہوتا ہے.

ماحولیاتی اور معاشرتی بہتری کے اقدامات :
متوقع ماحولیاتی اور سماجی اثرات میں سے ہر ایک بہتری کے اقدامات پر غور کیا گیا ہے. ان بہتر اقدامات کو ذیلی منصوبے کی سرگرمیوں سے وابستہ نشاندہی شدہ ممکنہ ماحولیاتی اور معاشرتی اثرات کو نمایاں طور پر کم کرنے کے لئے تجویز کیا گیا تھا.
ماحولیاتی بہتری کے اہم اقدامات میں غیر محفوظ طبقے پر پڑنے والے منفی اثرات کو کم کرنے کے لئے اقدامات شامل ہیں جو بنیادی طور پر اسکول کے بچے اور اسکول کے آس پاس کے علاقے میں بہتر اقدامات میں شامل ہیں. PPEs کا استعمال مزدوروں کے لئے لازمہ قرار دیا گیا ہے. چھڑکتے ہوئے

دھول پر قابو پانے، اسکول کے اوقات میں شور کی سرگرمیوں کو محدود کرنا، تعمیراتی جگہ پر باڑ لگانا، گند نکاسی کے نظام کو بہتر بنانا۔ ESMP میں ماحولیاتی اور معاشرتی اثرات کو کم کرنے کی تجویز میں ذیلی متوجے کی سرگرمیوں کی اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔

منصوبہ برائے ماحولیاتی و سماجی انتظام (اینوائرنمنٹ اینڈ سوشل مینیجمنٹ پلان) :

مجوزہ منصوبے کے مختلف مراحل کے دوران ماحولیاتی اور معاشرتی نگرانی کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ ESMP میں شامل تخفیف اقدامات کو مکمل طور پر نافذ کیا جاسکے اور معاشرتی اور ماحولیاتی وسائل پر اس منصوبے کے اثرات کو کم کرنے میں تخفیف اقدامات کی تاثر کو یقینی بنائے۔

اطلاق کے انتظامات:

سرویٹنگ، مشاورت، نظم ونسق اور نگرانی کے لئے تعمیراتی ٹیبل اور فریم ورک کے مطابق ہر ذیلی منصوبے کے جزو کے لئے ضرورت کے مطابق عمل درآمد کرایا جائے گا اور Sub-Projectsکے نفاذ کے ذریعہ عمل میں لائی جائیگی۔ پروجیکٹ میں ہونے والی تمام سرگرمیوں اور سرمائی کاریوں میں ESMP کی تعمیل کے لئے پروجیکٹ کا PD ذمہ دار ہوگا۔ (PC) پروجیکٹ کوآرڈینٹر کی ذمہ داری ہوگی کے وہ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کے IP اور ESFP سے رابطہ کریں گے۔ ESFP کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ ضلع میں ESMP کی عمل درآمدگی کی نگرانی اور ضلع میں صلاحیت سازی کی تربیت کے منصوبے کو دیکھیں

ماہر ماحولیات کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ اِی ایس ایم پی کو باقاعدہ نگرانی کریں۔ PIU کی ذمہ د اری نہ صرف Monitoring, Reporting, Evaluation, Procurement, Financial Management, Act اور disbursement ہوگی۔ بلکہ ساتھ ساتھ عالمی بینک (ورلڈبینک) اور دوسرے سرکاری اداروں سے ہم آئینگی کریں۔

شکایات کے ازالے کا طریقہ کار:

منصوبے پر عمل درآمد کے دوران یہ توقع کی جاتی ہے کہ کمیونٹی ارکان، اساتذہ، طلباء یا دیہاتیوں کو سرگرمیوں ان کے اثرات، معاوضے اور تخفیف کے دیگر اقدامات سے متعلق کچھ شکایات ہوسکتی ہیں۔ اس دستایز میں اٹھائی گئی تمام شکایات کے مناسب اور بروقت ازالے کو یقینی بنانے کے لئے ایک جامع طریقہ کار تجویز کیا گیا ہے۔

صلاحیت کی تعمیرو تربیت:

ماحولیاتی اور معاشرتی احتیاطی تدابیر اور تخفیفی اقدامات کے کامیاب نفاذ کو یقینی بنانے کے لئے ضروری ہے کہ متعلقہ اور بنیادی مہارت کو پختہ کیا جائے۔

ذیلی منصوبوں کے انتظام میں شامل ٹھیکے دار اور پروجیکٹ کا عملہ ماحولیاتی اور سماجی تربیت کے مقاصد میںESMP تکنیکی خود فراہم کرنے والے افراد (ESFP) نفاذ کے شرکت دار (TSPs) سمیت پروجیکٹ کے اہم اہلکاروں کو مقررہ مداخلتی علاقے سے وابستہ اہم بنیادی ومرکزی ماحولیاتی اور معاشرتی امور کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کرنا شامل ہیں۔

ESMP کے نفاذ کی لاگت:

ESMP کےعمل درآمد کی کل لاگت پاکستانی روپیوں میں تقریبا 4,300,000 لگایا گیا ہے.